08-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---------------------------------------------------------

1۔ صدر جمہوریہ نے نامزد وزیراعظم نریندر مودی کو، مرکز میں نئی حکومت کی تشکیل کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب راشٹرپتی بھون میں کَل شام سوا سات بجے منعقد ہوگی۔

2 تیلگو دیسم پارٹی کے صدر این چندر بابو نائیڈو کو اِس مہینے کی 12 تاریخ کو آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

3 CBI نے، ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد اور اُن کے کنبے کے ارکان نیز دیگر کے خلاف حتمی فردِ جرم داخل کردی ہے۔ یہ فردِ جرم زمین کے بدلے ملازمت کے گھوٹالے کے سلسلے میں داخل کی گئی ہے۔

4 چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں 7 مائونواز مارے گئے ہیں۔

5 اور کھیلوں میں :

آج لندن میں FIH ہاکی پرولیگ میں بھارت کا مقابلہ جرمنی سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Pm President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نامزد وزیراعظم نریندر مودی کو، مرکز میں نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب راشٹرپتی بھون میں کَل شام سوا سات بجے منعقد ہوگی۔ جناب مودی نے کَل صدر جمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور نئی حکومت کی تشکیل کا دعوی پیش کیا تھا۔

اِس سے پہلے BJP صدر جے پی نڈّا کی قیادت والے، NDA کے ایک وفد نے بھی صدر جمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور ایک خط پیش کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ جناب نریندر مودی کو BJP پارلیمانی پارٹی کا رہنما منتخب کرلیا گیا ہے۔ NDA کی حلیف پارٹیوں‌کی مدد سے متعلق یہ خطوط بھی، صدر جمہوریہ کے سپرد کردیے گئے۔

راشٹرپتی بھون کے باہر اِظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ NDA ، ایک مضبوط مستحکم اور ترقی پر مبنی حکومت تشکیل دے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ صدر جمہوریہ نے اُنھیں نامزد وزیراعظم کے طور پر مقرر کیا ہے اور جناب مودی نے اُنھیں مطلع کیا ہے کہ وہ حلف برداری کی تقریب کے بارے میں مطمئن ہیں جو آئندہ اتوار کو منعقد کی جائے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ راشٹرپتی بھون اَب بقیہ تفصیلات تیار کرے گا اور تب تک وزیروں کی کونسل کی فہرست صدرِ جمہوریہ کو سونپ دی جائے گی۔

SB/- PM Modi President House

جناب مودی نے کہا کہ عوام نے NDA حکومت کو ایک اور موقع دیا ہے اور یہ 18ویں لوک سبھا ایک نئی نوجوان توانائی کا مرکز ہے۔ انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت ملک کے عوام کی خواہشوں اور امنگوں کو پورا کرے گی۔

SB/- Modi On Fullfill

نامزد وزیراعظم نے کہا کہ مستحکم حکومت، بھارت اور اس کی معیشت نیز نوجوانوں کے لیے فائدے مند ثابت ہوگی۔ انھوں نے ملک سے زور دے کر کہا کہ اُن کی حکومت ملک کو تیز رفتار ترقی دینے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھے گی۔

S/B- PM Modi on Economy

راشٹرپتی بھون نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آئین کی دفعہ75 (1) کے تحت اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، جناب نریندر مودی کو بھارت کے وزیراعظم کے عہدے پر فائز کیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے جناب مودی سے درخواست کی ہے کہ وہ اُن دیگر افراد کے نام بھی تجویز کریں جنھیں وزیروں کی مرکزی کونسل کا رکن مقرر کیا جانا ہے اور وہ یہ بھی بتائیں کہ راشٹرپتی بھون میں منعقد ہونے والی حلف برداری کی تقریب کی تاریخ اور وقت کیا ہوگا۔

اِس سے پہلے دن میں NDA کی پارلیمانی پارٹی نے جناب نریندر مودی کو اپنے رہنما کے طور پر منتخب کیا ہے۔x

Elon Musu-Modi

Tesla اور Spacex کے CEO، Elon Musk نے جناب مودی کو ریکارڈ تیسری میعاد کیلئے وزیراعظم منتخب کئے جانے پر مبارکباد دی ہے۔ X پر ایک پوسٹ میں ٹیکنالوجی کی کمپنیوں کے ارب پتی نے کہا کہ ان کی کمپنیاں ملک میں جلد سرمایہ کاری کرنا چاہتی ہیں۔ جناب مسک نے ایک ٹوئیٹ میں دنیا کے سب سے بڑے جمہوری انتخابات میں جناب مودی کی جیت پر انہیں مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہاکہ ان کی کمپنیاں بھارت میں جوش وجذبے کے ساتھ کام کرنا چاہتی ہیں۔ Tesla بھارت میں اپنی مینوفیکچرنگ یونٹ قائم کرناچاہتی ہے اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی خواہاں ہے۔×

Delhi Police Drone Ban

دلی پولیس نے جناب نریندرمودی کے وزیراعظم کے طور پر حلف برداری کی تقریب کے دوران دلی میں پیرا گلائڈرز، پیرا مورٹرز،Hang گلائڈرز، بغیر پائلٹ کے ہوائی (UAVS) Vehicls اور Hot ایئربیلونسز کے اڑائے جانے پر پابندی عائد کی ہے۔ یہ پابندی 9 سے 10 جون تک جاری رہے گی۔×

No Change of Guard

راشٹرپتی بھون میں تین موقعوں پر منعقد ہونے والی چینج آف گارڈ تقریب آج اور اس مہینے کی پندرہ و 22تاریخ کو منعقد نہیں کی جائے گی۔ صدرجمہوریہ کے سکریٹریٹ نے اس کے منسوخ کئے جانے کی اطلاع دی ہے۔ وزیراعظم اور وزراء کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب کی تیاروں کے سبب یہ قدم اٹھایاگیاہے۔ حلف برداری کی یہ تقریب راشٹرپتی بھون کے احاطے میں عمل میں آئے گی۔ اس کے بعد صدرجمہوریہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوان سے خطاب کریں گی۔

Chander Babu Naidu

تیلگو دیشم پارٹی کے قومی صدر این چندر بابو نائڈو 12جون کو دن میں 11 بجکر 25 منٹ پر آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب وجے واڑہ کے نزدیک منعقد ہوگی۔ توقع ہے کہ NDA کے سینئر لیڈر اور پڑوسی ریاستوں کے وزرا اعلیٰ اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

2014 میں آندھرا پردیش کو 2 ریاستوں میں تقسیم کئے جانے کے بعد سے یہ دوسری مرتبہ ہے کہ جناب نائڈو آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔ نیز وہ پہلے تیلگو ہیں جو چوتھی مرتبہ آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کا عہدہ سنبھالیں گے۔ NDA کی اتحادی تیلگو دیشم پارٹی، جن سینا اور بھارتیہ جنتا پارٹی نے کُل175 اسمبلی سیٹوں میں سے 164 پر جیت حاصل کرکے زبردست اکثریت حاصل کی ہے۔x

Telangana MLC Election

تلنگانہ میں کانگریس نے ضمنی انتخاب میں Graduates MLC حلقے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ کانگریس کے امیدوار نے نَل گُنڈا -کھمّم - وڑنگل Graduates MLC کے ضمنی انتخاب میں Theenmar-Mallana عرف نوین کمار نے کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے BRS امیدوار راکیش ریڈی کے خلاف آخری رائونڈ میں یہ کامیابی حاصل کی ہے۔x

CBI Charge Sheet

CBI نے زمین کے بدلے نوکری گھوٹالے سے متعلق اپنی حتمی فردجرم داخل کردی ہے۔ اس معاملے میں ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد یادو، ان کے اہل خانہ اور دیگر مبینہ طور پر ملوث ہیں۔ خصوصی عدالت 6 جولائی کو فردجرم پر غوروخوض کرے گی۔

زمین کے بدلے نوکریوں کے مبینہ گھوٹالے میں عائد کردہ تازہ فرد جرم کے تعلق سے عدالت نے اس سے پہلے 4 اکتوبر 2023کو لالو پرساد یادو، بہار کے نائب وزیراعلیٰ تیجسوی یادو، رابڑی دیوی اور دیگر کو ضمانت دے دی تھی۔

ایک اور معاملے میں CBI نے BRS کی لیڈر کے کویتا کے خلاف آبکاری پالیسی معاملے کے سلسلے میں دلی کورٹ میں ایک ضمنی فردجرم داخل کی۔

خصوصی جج کاویری باویجا نے معاملے کی سنوائی 6 جولائی کیلئے مقرر کی ہے۔ عدالت نے کویتا کی عدالتی تحویل میں 21 جون تک توسیع کردی ہے۔۔×

Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں کل سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں 7 ماؤنواز مارے گئے۔ دانتے واڑہ کے SP گورو رائے نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ جائے وقوع سے ہلاک شدہ ماؤ نوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔

SB/- Sp Gaurav Rai

پولیس افسران کے مطابق یہ جھڑپ نارائن پور اور دانتے واڑہ ضلعوں کی سرحد پر پیش آئی۔

Gobel کے جنگل میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاعات ملنے کے بعد ڈسٹرکٹ ریزوگارڈ DRG اور ITBP کی ایک مشترکہ ٹیم نے تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔

تلاش کی کارروائی کے دوران Gobel کے جنگلات جھڑپ شروع ہوگئی۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Yoga Akashwan

اطلاعات و نشریات کی وزارت، مشترکہ یوگ پروٹوکول کے بارے میں بیداری لانے کے لیے بہت سے پروگراموں کا انعقاد کرے گی۔ اطلاعات و نشریات کے سکریٹری سنجے jaju اور سکریٹری آیوش Vaidya راکیش کُٹیجا نے کَل نئی دلی میں یوگ کے 2024 کے بین الاقوامی دن کی سرگرمیوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔سرکاری براڈ کاسٹر پرسار بھارتی، دوردشن اور آکاشوانی نیٹ ورک کے ذریعے مختلف پروگراموں کا براڈ کاسٹ اور ٹیلی کاسٹ کرے گا۔ وزارت نے بتایا کہ ددوردشن یوگ ماہرین کے انٹرویوز براڈ کاسٹ کرے گا، جس میں صبح کے وقت خصوصی لائیو شو بھی شامل ہے۔

آکاشوانی، یوگ کو ایک طرزِ زندگی کے طور پر اور عوام کی مجموعی صحت کے طور پر فروغ دینے کے مقصد سے پروگرام براڈ کاسٹ کرے گا۔یہ پروگرام یوگ کے مرارجی ڈیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ مل کر پیش کیے جائیں گی۔ آیوش کی وزارت نے ایک یوگ گیت تیار کیا ہے، جو میڈیا کے سبھی پلیٹ پارموں سے بجایا جائے گا۔

RBI Fastag

بھارتیہ ریزرو بینک نے صارفین کی سہولت میں اضافے کے مقصد سے یہ تجویز پیش کی ہے کہ Fastag، اور National Common Mobility Card- NCMC کو E-Mandate کے فریم ورک میں شامل کیا جائے۔

ایک سرکاری بیان کے مطابق RBI نے، صارفین کی طرف سے مقررہ حد سے کم رقم کی خودبخود دوبارہ ادائیگی کی سہولت شروع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ اگرچہ RBI نے رقم کے اِس بار بار لین دین کے لیے E-Mandate کی اجازت دی ہے لیکن اِس طرح کی ادائیگیاں جیسے بھی اور جب کبھی ضرورت ہوتی ہے، کردی جاتی ہیں۔ لہٰذا نئے سرے سے اِس ادائیگی کے لیے کوئی وقت یا مخصوص رقم مقرر نہیں ہے۔

RBI نے مزید کہا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ وہ قرض لینے سے پہلے کا نوٹیفکیشن بھیجنے کا نظام ختم کردے، جو فی الحال E-mandate کے فریم ورک کے تحت، صارفین کے کھاتے سے اصل قرض لیے جانے سے کم سے کم 24 گھنٹے پہلے بھیجا جاتا ہے۔

اُمید ہے کہ اِس سلسلے میں تفصیلی رہنما خطوط جلد ہی جاری کردیے جائیں گے۔x

Ramoji Rao Death

اِیناڈو کے بانی اور میڈیا کی ایک مقبول شخصیت Ramoji Rao کا حیدرآباد میں آج صبح انتقال ہوگیا۔ وہ 88 برس کے تھے۔ جناب رائو کو اِس مہینے کی 5 تاریخ کو شہر کے نانک رام گُڑہ علاقے میں ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ وہ کچھ عرصے سے بیمار تھے۔x

IMD Weather

بھارتیہ محکمۂ موسمیات IMD نے کیرالہ، کرناٹک اور مہاراشٹر میں گرج چمک کے ساتھ موسلادھاربارش کے تناظر میں اورینج الرٹ جاری کیاہے۔ بحیرۂ عرب کے وسطی کئی مزید حصوں، مہاراشٹر، تلنگانہ، ساحلی آندھرا پردیش، چھتیں گڑھ، جنوبی اڈیشہ اور خلیج بنگال میں اگلے دو سے تین دنوں کے دوران جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے حالات مزید سازگار ہیں۔محکمہ نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور راجستھان میں آج گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے نیز اگلے سات دنوں کے دوران شمال مشرقی خطے، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں دور دور تک گرج چمک وتیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان بھی ظاہر کیاگیاہے نیز جموں،کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی کل تک موسم کی اسی طرح کی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا کہ ساحلی آندھرا پردیش، Yanam، رائل سیما، تلنگانہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائی کال میں اگلے چار دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہوسکتی ہے۔

محکمہ موسمیات نے اترپردیش میں شدید گرم لہر کے تعلق سے اورینج الرٹ جاری کیاہے۔ اس دوران، مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، بہار، اڈیشہ، پنجاب اور ہریانہ میں اگلے دو سے تین دن تک موسم کی صورتحال میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔ بہار، مغربی بنگال کے گنگا کے علاقے اور جھارکھنڈ میں اگلے دو دن تک گرم و مرطوب موسم رہنے کا امکان ہے۔

Hockey

FIH ہاکی پرولیگ 2023-24 میں بھارتی ہاکی ٹیم کے اب دو میچ باقی رہ گئے ہیں۔ آج بھارتی ٹیم جرمنی کے خلاف اپنا میچ کھیلے گی۔ اس کے بعد اس مہم

میں اونچا مقام حاصل کرنے کی کوشش کے طور پر اختتامی میچ اتوار کے روز لندن میں میزبان برطانیہ کے ساتھ کھیلے گی۔

اس وقت بھارتی مردوں کی ٹیم درجہ بندی میں چوتھے مقام پر ہے۔ وہ 14 میچوں میں اب تک 24 پوائنٹس حاصل کرچکی ہے۔ اس دوران اس کی مدمقابل ٹیمیں جرمنی اور برطانیہ بالترتیب چھٹے اور ساتویں مقام پر ہے۔ یہ ٹیمیں اس لیگ میں اب تک سات میچ کھیل چکی ہیں۔×

یہ بھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: مجیب اختر

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے جناب مودی کو NDAکا لیڈر منتخب کئے جانے کے بعد حکومت سازی کا دعویٰ پیش کرنے کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیاہے جس میں کہاگیا ہے کہ صدرجمہوریہ نے انہیں حکومت سازی کی دعوت دے دی ہے، حلف برداری کی تقریب کل شام عمل میں آئے گی۔

روزنامہ پرتاپ اور انقلاب نے جناب مودی کو قومی جمہوری اتحادNDA کا لیڈر منتخب کئے جانے کے بعدBJP کے سینئرلیڈروں ایل کے اڈوانی اور مرلی منوہرجوشی سے ملاقات اور آشیرواد لینے کی خبرکو خصوصی طور پر شائع کیاہے۔

کیو ایس ورلڈ رینکنگ میں بھارت کے 46 اداروں کو جگہ ملی ہے۔اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اہمیت دی ہے، جس کے سبب اس ورلڈ رینکنگ میں بھارتی اداروں کی موجودگی 318 فیصد ہوگئی ہے۔اس پیشرفت پر نامزد وزیراعظم نریندر مودی نے طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کو مبارک باد پیش کی۔

پالیسی شرح میں مسلسل آٹھویں بار کوئی تبدیلی نہیں، قسطیں نہیں ہوں گی کم۔اس خبر کو آج کے بیشتر اخبارات نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ خبروں کے مطابق ریزروبینک آف انڈیا RBI کے اس فیصلے سے اسٹاک مارکیٹ نئی بلندی پر پہنچ گیاہے۔

روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس نے ذی الحجہ کا چاند نظرآنے کی خبر کو اولیت دی ہے، رویت ہلال کمیٹیوں نے اس کی تصدیق کردی ہے، عید الاضحی 17 جون کو منائی جائے گی۔

کیمرون کے سابق وزیراعظم فلیمون یانگ کو اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کانیا صدر منتخب کئے جانے کی خبر کو روزنامہ ملاپ نے خصوصیت کے ساتھ شاع کیاہے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق جناب یانگ ستمبر میں شروع ہونے والے جنرل اسمبلی کے69ویں اجلاس کی صدارت کریں گے۔

## <u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1. صدر جمہوریہ نے نامزد وزیراعظم نریندر مودی کو، مرکز میں نئی حکومت کی تشکیل کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب راشٹرپتی بھون میں کَل شام سوا سات بجے منعقد ہوگی۔

2 تیلگو دیسم پارٹی کے صدر این چندر بابو نائیڈو کو اِس مہینے کی 12 تاریخ کو آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

3 CBI نے، ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد اور اُن کے کنبے کے ارکان نیز دیگر کے خلاف حتمی فردِ جرم داخل کردی ہے۔ یہ فردِ جرم زمین کے بدلے ملازمت کے گھوٹالے کے سلسلے میں داخل کی گئی ہے۔

4 چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں 7 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

5 اور کھیلوں میں : آج لندن میں FIH ہاکی پرولیگ میں بھارت کا مقابلہ جرمنی سے ہوگا۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

-------------------------------------